کسی کی زہر کی بجہی ہوئی تلوار یا تیر یا کٹار لگی تو حال اوس کا
یون دریافت ہوتا ہی کہ زخم تو اوپر پر ہتا جاتا ہی اور گوشت
گلتا جاتا ہی اور بو آتی ہی اور روز بروز رنگ زخم کا برا ہوتا
جاتا ہی اور خون و گوشت اوس جگہ کا سیاہ ہوتا ہی پس لازم
ہی کہ پہلی تمام سیاہ گوشت زخم کا کاٹ ڈالی اگر خون جاری
ہو خون بند کرنی کی کہ اوپر بیان ہوئی ہی اور دوسری دن
گیرو پھٹکری نمک نیم گرم کر کی باندہی اور یہ مرہم لگائی نسخہ پہلی گہی
گائی کا آدہ پاؤ لیکر گرم کری اور موم ایک تولہ ڈالی جبکہ ملجائی تو
کمیلہ ایک تولہ مردار سنگ سفید ایک تولہ رس کپور ایک تولہ اور ایک
جو پیس دی خفیف اور اوتار کر سرد کری ایک پہایا موافق زخم کی
بنا کر لگائی اگر کوئی کہی کہ یہ زہر بادی ہی جواب دی کہ سچ ہی مگر حال
یہ ہی کہ اوسمین پانی پیلا سا نکلتا ہی اور اسمین پانی سرخی نکلتا ہی
جسکو سچ لہو کہتی ہین اور زخم زہر بادی کا جلد بہتا ہی اور یہ عرصہ مین

لگائی تا زخم کشادہ ہو پھر زہر
بادی نکالنی کی نسخہ تیزاب
عرق لیمن عرق لیمو کاغذی چار
چار تولہ سہاگہ چوکیا تو تیا سبز ایک
ایک تولہ ان دونو کو پیسکر باریک
اوس عرق مین ملا کی چار دن
تک دہوپ مین رکہی وقت حاجت ایک
قطرہ اوس زخم کی

آگیا ہو تو علاج اوسکا موافق اوسکی آری [illegible] عمال اوسکا [illegible]
کیا ہی اور جو کسی کی ہڈی ٹوٹ جائی تو یہ لیپ لگاوی نسخہ [illegible]
آنبہ ہلدی بیدہ لکڑی گنجد سیاہ موم سفید ایک ایک تولہ لیکر [illegible]
پیس کر لیپ کری اور اگر زخم اوس جگہ پر آگیا ہو تو وہ مرہم کہ
اوپر بیان کرچکا ہوں اوس کا پھایا بنا کر لگاوی خدا تعالی چاہی تو
تو اچھا ہو جائیگا **نوع دیگر** اور اکثر جاڑی کی موسم میں لوگوں کی
ہاتھ میں پھانس گہی کی لگ جاتی ہی اور بسبب اوسکی ہاتھ
پک جاتا ہی اوسکا علاج یہ ہی کہ پہلی ہاتھ کو خوب سینکی [illegible]
دوا لگاوی **نسخہ** اجواین خراسانی گوگل ہینسیا سا الوانی لاچیا
یا نمک لاہوری قند سیاہ ان سبکو برابر وزن لیکر پانی میں
پیسی جب کہ شکل مرہم کی ہو جاوی تب اوس زخم پر لگاوی اگر بتقدیر
الہی اچھا نہو تو وہ مرہم کہ [illegible] اوسکا بیان کیا ہی لگاوی
[illegible] اگر [illegible] بھی اچھا نہو تو یہ مرہم لگاوی نسخہ [illegible]
گندم ایک ایک تولہ لیکر پانی میں پیسی اور پھایا بنا کر [illegible]
بعدہ ایک پان گرم کر کی باندہی اور سینکی اگر زخم ہاتھ کا سب
اچھا ہوا اور پانی نکلنا موقوف نہو تو زخم پر یہ تیزاب لگاوی کشادہ
کری **نسخہ تیزاب** گندک توتیا دو دو تولہ سہاگہ زاج سفید

رماتہہ خارشت کی بہت ہوتی ہی اسکو وہ شخص کہجا ڈالتا ہی تو اس
سبب وہ زخم بڑا ہو جاتا ہی تو نادانی سی وہ شخص اوپر سنگجراحت
پالتہہ لگاتا ہی جبتک زخم پیسہ برابر ہو جاتا ہی تب لوگون سے
ظاہر کرتا ہی لوگ اسکو دوا ہاتہہ مین پیتی کی دیتی ہین یا منہ آگیا
یا دست آئی اگر کوئی کہانی کو دو وہ بتاتا ہی اوسمین ہی
دست اور منہ آتا ہی اگر وہ چند روز کی واسطی اچہا ہو گیا یا
نہ اچہا ہوا مگر لازم ہی کہ کسی جراح دانا کو بلا کر علاج کرواوی
اور جراح کو لازم ہی کہ اول دیکہی کہ زخم کتنا بڑا ہی مگر یہ زخم دوا
لگانی سی نہین اچہا ہوتا ہی اور علاج کی صورت یہ ہی کہ پہلی
یہ مسہل دی نسخہ مسہل مجرب السلاطین سونا مکہ چوکیا خام
مویز منقی انکو برابر وزن لیکی پیسی اور ماشہ بہر کی گولی بنالی او
کہانی کی یہ ترکیب ہی کہ پہلی تین روز یہ دوا پلانے نسخہ
گلسرخ تین ماشہ مویز منقی سات دانہ بادیان چہہ ماشہ [illegible]
چہہ ماشہ سنا مکی دو ماشہ ان سبکو پاؤ بہر پانی مین بہگو کر ایک
جوش دی اور گلقند ایک تولہ ملا کر ملائی اور پلاوی اور تین دن
[illegible] کہلاوی بعدہ وہ گولیان دو دو ٹکڑی کر کی کہلاوی
اوپر اسکی گرم پانی پلاوی وقت تشنگی کی بہی گرم پانی پلاوے

تین ماشہ ان سبکو باریک پیسکر ملاکی اور کہا کر دیکہی کہ مسہل دینی سی کیا ہوتا ہی اگر کچہہ کم ہوئی ہو تو مرہم لگانا موقوف کری ور وہ گولیان کہ حال ان کا بیان کیا ہی تفشیہ بہر لگاکر دیکہی کہ کیا طور ہی اگر صورت اچہی ہو تو دو یا تین گولیان اور کہلاوی اگر کچہہ فائدہ نہو تو وہ بدل دی اسطور سی کہ مریض کو معلوم نہو اور یہہ دوا دیوی نسخہ رسکپور نو ماشہ قرنفل کلدار گیارہ عدد واجواین خراسانی ایک ماشہ انکو باریک پیسکر ملاوی دودہ پرگی مین لٹ کری اور نو گولیان بنائی اور ایک ایک گولی ہر روز کہلاوی اور ترشی اور بادی کا پرہیز کروائی اور اکثر یہہ بہی ہوتا ہی کہ بعد دو چار روز کی یہہ عارضہ ہونی والا تہا کہ اسکا ایک تسلا لینی مین زخم لگ گیا اور خیال کیا کہ یہہ زخم آتشک کا ہی او سپر دوائیان لگائین بلکہ اچہا نہوا تب لوگونسی ظاہر کیا اگر وہ لوگ نادان ہین تو وہ دیوی ہی لگانی کو کہین کی اور جو دانا ہین وہ کہین گی کہ جراح کو دکہلاؤ پس لازم کہ جو جراح علاج کری تو اسطور سی معالجہ کری کہ پہلی زخم کو دیکہی کہ کنارے اسکی پہٹی ہین اور اندر زخم کی دانی اور جو اکٹہا ہی اور مزاج مریض کو دیکہی کہ کیا ہی اوسکی مزاج موافق دوا دی اگر مسہل لینی کی طاقت ہو تو دے نہین تو یہہ دوا کہلاوی نسخہ توتیا دو نیم ماشہ بلیلہ سیاہ یک و نیم تولہ کتہ سفید دو تولہ کو سفید ساتہہ ماشہ ان دواؤنکو دو سیر عرق لیمو مین حل کری جبکہ خشک ہوتب نار دشتی برابر گولیان بناکر ایک گولی صبح ایک شام کو کہلاوی ترشی و بادی و شیرینی کا پرہیز کروالی باقی جو مزاج مین آوی کہلاوی اگر پانچ سات دن مین فائدہ ہوا تو

سی ایک دوست آیا کرینگی اگر قی ہو تو کچہہ ڈر نہین ہی کیونکہ یہہ مرض بغیر مواد نکلی اچہا
ہونیمین نہ آتا ہی اسواسطی اینی دوا اسکو ضرور ہی اکثر دیکہا ہی کہ اس عارضہ سی حال بدن
یہہ ہوتا ہی کہ سر سی پاؤن تک ایک زخم ہو جاتا ہی ایسا کہ روز مرہم لگی اگر ایک دن
نہ لگی تو کہتو نڈ پر چہی اگر وہ شخص جہان بیٹہی اوسجگہ گہرا او پانی مایل بسفیدی و سبزی و
زردی بو دار بہی ہاتہہ اور پاؤن او نگلیون مین زخم ہو جاتا ہی پس تمام بدن کی زخم
کی دوا یہہ ہی نسخہ مکہن آدہ پاؤ توتیا سفید چہہ ماشہ مردار سنگ چہہ ماشہ ان کو پیسکر
مکہن مین ملاکر زخم پر لگائی اور یہہ دوا کہلائی نسخہ ایلایچی خورد کتہہ سفید برگ تلسی سبز
ایک ایک تولہ مردار سنگ چہہ ماشہ قند سیاہ کہنہ ایک نیم تولہ ان سبکو پیسکر ساتہہ گولی
بناوی صبحکو ایک گولی کہلاوی پرہیز ترشی بادی کری باقی سب کہائی یہہ عارضہ
جلد اچہا نہین ہوتا ہی چہہ سات دن دیکہی کہ کچہہ فائدہ ہوا نہین تو یہہ دوا کہلائی نسخہ
سلاجیت فلفل سیاہ بلیلہ زرد املہ خشک [illegible] رہ نیلہ کون سکہپور گہنگچی سفید گل بنفشہ کتہہ سفید
چار چار ماشہ ان سبکو چوب کرکی روغن گل مین حل کری جب کہ خشک ہو تو گولیان
نخود کی برابر بنائی ایک گولی آم کی اچار مین لپیت صبحکو اور ایک شام کو کہلاوی
پرہیز دال عدس مرچ سرخ کا کری باقی سب چیزین کہائی اس دوا سی تمام بدن
اچہا ہو جائیگا اور نگلی ابہی نہو کی اگر دوا مزاج کی موافق آئی تو شاید انگلیان پیدا
ہو جائنگی کتابون مین بہت حال لکہا دیکہا ہی اور سنا ہی اور اکثر ڈاکٹر صاحب بہی
یہہ بات کہتی ہین کہ مینی اس عارضہ والی بہت دیکہی ہین بہلی چنگی لیکن کچہہ نہ تو نا

سی کئی عارضہ ہوتی ہین ایک یہ کہ بدن بگڑ جاتا ہی کہ جسکو جذام
کہتی ہین دوسری بدن سفید ہوجاتا ہی اور ناک بہی دبجاتی
ہی اکثر لوگون کی ہاتہ اور پانون رہ جاتی ہین کہ جسکو گٹھیا
کہتی ہین اور یہ عارضہ شاید آتی نہ تہا اسواسطی کہ حکیم
اسکی دوا نہین کرتی اگر کرتی ہین تو اچہا نہین ہوتا ہے
اگر حکیم لی ناقص سمجہ کی نہ لکہا اور جراح جو علاج کرتا ہے
تو جلد اچہا ہوجاتا ہی اور ایک باعث یہ ہی کہ یہ عارضہ خود
گرم ہی سرد دواون سی اچہا نہین ہوتا یہ حال معلوم
نہین کہ یہ کیا بلا ہی واللہ اعلم بالصواب اور اکثر ڈاکدر صاحبون
نی ذکر کیا تہا کہ یہ عارضہ بلغم سی ہوتا ہی اور ظاہر مین دریافت
ہوا کہ اکثر اس عارضہ والہ کی بدن مین چہوٹی چہوٹی پہوڑے
بادانہ رطوبت دار ہوتی ہین اور اگر کسی کو یہ عارضہ لاحق ہوا
اور کہ جاتی ہی کیا تا رہا مگر دو چار برس کی بعد طاقت
جسم کی کم ہونی سی کچہ خلل پہر ہوتا ہی اوسکی سبب سی
زخم تازہ پہر ہوجاتا ہی یا ہر ایک عارضہ مین دور ہوجاتا ہی
پس اسکا علاج جو اوپر بیان کیا ہے وہ کرے
یا یہ دوا کری نسخہ توتیا بریان مردار سنگ سفید کاشغری

کی مالش کری نسخہ شیر بیش بز شبر گاو چار چار تولہ سور نجان
تلخ افیون تین تین ماشہ روغن گل آدہ پاو ان سبکو گرم کر
کی مالش کری اور ننہ اچھی ہونی کی یہ دوا ہی نسخہ پوست
حنظل پوست چکان پوست گوندنی چہانک چہانک بہر بہر
چنبیلی جو سلم اسبغول ایک ایک تولہ کتھہ سفید ایک ماشہ سب
ملا کر جوش کر کی کلی کرو ای اگر خدانخواستہ ایسی علاجون سی اچھا
نہو تو جانی یہ اچھا نہ ہوگا علاج موقوف کرو ی اور اس عارضہ
کو حکیمون نی لکھا ہی سات طرح پر اور مزاج اسکا اکیس[21] طرح
پر ہی یہ عارضہ تین پشت تک رہتا ہی اور نزویک ڈانگدر صاحب
کی یہ عارضہ اکیس[21] طرح پر اور مزاج چھتیس[36] طرح پر تہا اور
چار پشت رہتا ہی اور حکیمون نی اس عارضہ کی واسطی
کتابون مین فصد جایز رکہی ہی مگر ڈانگدر صاحب نی منع
لکھا ہی مگر مجہہ عاصی کو آج تک دریافت نہوا کہ اکیس طرح
اور چھتیس مزاج کون سی ہین مگر البتہ اتنا دیکھا ہی کہ اگر
مزاج آدمی کا زبردست ہی تو چودہ[14] پندرہ[15] دن مین یہ
عارضہ دفع ہوا اور اگر مزاج عارضہ کا زبردست ہی تو
ناک گل کر گر پڑی یا تالو پہوٹ گیا اگر سانس آنی لگی تو اسکو

قرنفل چھ چھ ماشہ عقرقرحا کتھہ سفید
الائچی سفید ایک ایک تولہ ان
کو پیس کر و ساوری پان کی
عرق مین لت کری اور گولیان
برابر نخود کی بنائی وقت صبح ایک
گولی کہلائی اور غذا پچی

رسکپور رسنگرف و زنقل ستو تاگہ چو کیا ایک ایک تولہ
کو باریک پیسکر سات پڑیان بنائی وقت صبح ایک پوڑیا
ملائی مین لپیٹ کر کہلائی اور غذا دودہ روٹی یا شیر
برنج کہلائی باقی سب چیز کا پرہیز کری اور اگر کسی کی بہی
سیاہ یا سرخ تمام بدن مین پڑ جائین یا تمام بدن نیلگون
ہو گیا ہو تو اوس کا علاج یہ ہی کہ پہلی یہ مسہل دی مگر
اول تین دن کہچڑی مونگ کی کہلائی بعدہ یہ مسہل دی نسخہ
سیاہ دانہ تو ماشہ نیم کچہ کر کی باریک پیسی برابر اوسکی شکر
خام ملا کر تین پوڑیان بنائی ایک پوڑیہ صبح کو گرم پانی کی
ساتہہ پلائی وقت پیاس لگنی کی بہی گرم پانی پلائی شام
کو کہچڑی اور اچار کہلائی اور جو کسی کی منہ کی اندر سوراخ
ہو یا زبان پڑ گیا ہو یا کہ انصف گل گیا تو اوسکا بہی علاج
یون کری جو اوپر بیان کیا ہی ویسا کری اگر کوئی اس عارضہ
کی ہونی کا انکار کری تو پہلی اوسکا یون علاج کری کہ
جسمین بند آئی نہ دست چنکہ کچہہ فائدہ اوس کو معلوم ہو تو کہی
کہ اگر مسہل تمکو ہوگا تو جلد اچہا ہو جاؤگی اور اگر فائدہ ہونی
پر بہی منظور نکری تو دوا کہلائی جای کہ نید رہ دن کی بعد

نسخہ ... مسہل دی
...
برابر وزن لیکی پانی مین پیسی
اور گولیان برابر ... کی
بنائی اور تین دن پہلی
کہچڑی ...

بالکہ چہانکر پلا دی بعد تین مسہل کی وہی دی یا یہ دوا کہلائی

نسخہ آتشک مردار سنگ زرد ایک تولہ گل ارمنی

ایک نیم تولہ قند سیاہ کہنہ ہفت سالہ ان سبکو پیس کر برابر چہوٹی

بیر کی گولیان بنائی صبح کو ایک گولی ملائی مین لپیٹ کر کہلائی

ترتیبی ۔ بادی کا پرہیز کروائی اگر کسی اس عارضہ والی کو کسی جراح

ناتجربہ کار نی شنگرف کثرت سی کہلایا ہوا اور اس سبب سی تمام

بدن بگڑ گیا ہو تو پہلی یہ دوا دی **نسخہ آتشک** کتکی تلخ ایک تولہ

بجلی انبہ دو تولہ جمال گوٹہ تین تولہ تخم خیارین دو تولہ مصری سفید

تین تولہ سب کو باریک پیس چہانکر قند سیاہ کہنہ موافق اون

ادویون کی ملائی اور دوبارہ پہر ایک کوٹ لی بعد اوسکی گولیان برابر

بیر جنگلی کی بنائی اور کہلائی اوپر اوسکی تازہ پانی پلائی اگر دست

آئی تو بہتر اور نہ آئی تو بہتر اور جو فائدہ نہو تو بعد مسہل دی

پہلی تین روز یہ دوا پلائی اور کہچڑی کہلائی **نسخہ منضج فساد**

خون بادیان سبز ایک تولہ گاؤزبان خشک ایک تولہ تخم گشنیز منقی بارہ

دانہ تخم خطمی ایک تولہ تخم خیارین ایک تولہ گلقند دو تولہ ان کو

پانی مین بہگو دی صبح کو جوش کر کی پلائی بعدہ یہ دی **مسہل**

سبب آتشک گل سرخ دو تولہ تخم خطمی ایک تولہ

شام کو کہچڑی مونگ اس طور سی تین مسہل دی اون دواون سی فائدہ ہو بہتر نہین تو یہ عرق

نسخہ عرق فساد خون

بادیان سبز ...

سیر پہر کہ پاؤ آثار ریزہ سینگ پاؤ آثار برم ڈنڈی پاؤ آثار
بکہکنی پاؤ آثار فوفل کہنہ آدہ سیر آملہ خشک آدہ سیر تخم نیب
آدہ سیر تخم بکاین آدہ سیر تخم جامن آدہ پہلی ببول آدہ سیر
منڈی آدہ سیر پوست پنبال آدہ سیر پوست خیار شمبر پاؤ آثار
صندل سرخ پاؤ آثار برگ حنا پاؤ آثار برگ جہاؤ پاؤ آثار
ان سب کو جو کوب کرکی آب دریا مین بارہ پہر بہگو رکہی بعدہ
عرق نکالی صبح کو پانچ تولہ عرق اور ایک تولہ شہد ملاکی پلاوی
ہر روز اور بدن بگڑی ہوئی کو مین چار برس نگذری ہون تو
اچہا ہو جاویگا اور ان دوایہ سی کچہہ بہی فائدہ نہو تو پہر یہہ
دوا چالیس دن کہلاوی یہہ جو عرق بیان کیا ہی اور لا چار
ہو کی آخر کی درجی یہہ دوا کہلاوی **نسخہ** ایک خوک کلان گوشت
جلوبہ ان کو بکاکی دی مگر مسلمان کو ایسی دوا کہلانا لازم
ہی کہ ایمان اپنا ضرور ہی اور پیٹ کی واسطی یا نام کیواسطی
جو لوگ کرتی ہین اوس شی چیز مین نہ ایمان کا بہلا نہ مریض کا
بہلا اور جو کسی عورت کو یہہ عارضہ ہو کی جاتا رہا ہو اور اس عرصہ
مین حمل رہ گیا ہو اور پہر اوس عارضہ نی زور کیا ہو تو مشکل ہی
جاویگا کیونکہ اتبا اوس عورت کی یہہ فرمائش کرتی ہین کہ حمل

نسخہ آتشک ... ایک تولہ مردہ سنگ ... ایک تولہ تخم ... دو تولہ ان تینون چیزون کو خوب باریک کرکی قند سیاہ کہنہ بارہ برس کا موافق اوسکی ملاکی گولیان برابر چہوٹی بیر کی بناوی اور ایک گولی ملائی مین لپیٹ کی کہلاوی

[illegible]

تکری اسطرح سی سات دن تک پلاتی اور کہانا جو جی چاہی وہ
کہائی اور اس دوا سی وہ عارضہ جاتا رہیگا جبکہ لڑکا پیدا ہو
تو پہر اوسکو بسہل جریکی دوا کہلائی اور وہ لڑکا بہی اس عارضہ
مین پیٹ سی گرفتار نکلا ہو تو وہ بہی اس دوا کا دودہ پی گا تو
اچہا ہو جائیگا بتقدیر اچہا ہو تو لڑکی کو یہ دوا دی نسخہ
آتشک برای طفل گل بادنجان صحرائی یعنی کٹائی
دو ماشہ باوبڑنگ دو ماشہ کشنیز تین ماشہ ان تین چیزون کو
پیس کر آدہ سیر پانی مین پکائی جب کہ دو تولہ باقی رہی
تو اوسکو چہوڑی ایک رتی پہر لیکی مان کی دودہ مین ملائی
اور پلاوی اور اوس کی مان کو وہی دوا دی یا جیسی
مناسب وقت ہو وہ دوا دی خدا چاہی تو اچہا ہو جائیگا
در بیان سوزاک اور جو کسی کی نسیں اک خود بخود
ہو جائی تو اوسکا سبب یہ ہی کہ شب کو سوتی سوتی پیشاب
کی احتیاج ہوتی کسی وقت آنکہہ کہل جاتی ہی اور منی نلکی
مین رک جاتی ہی اس سبب سی یہ ہو جاتا ہی اوسکو دوا
یہ پلائی **نسخہ سوزاک** تخم کتان دو تولہ لیکی رات کو
بہکووی صبح کو آدہ سیر پانی مین لعاب اوس کا خوب نکالی

اور او سوزاک
اگر کسی کی ایک مرتبہ کیا
تو پہر بہی نہین تو دریا مین رو
کی بعد پیشاب نہین ہوتا اور مشکل
سی ہوتا ہی اور اسکا سبب یہ ہی
کہ اوس عورت کو بہی سوزاک
ہو جاتا ہی اور عورت کی سوزاک
کا حال آگی چلکی بیان ہو گا
انشاء اللہ تعالی

و تخم سرس ایک **نسخہ سوزاک** [illegible]

تخم کپاس ایک تولہ و تخم بکاین ایک تولہ ان تینون چیزون
کو پیس کر کے گدہی کے دودہ مین تر کر کے گولیان برابر چہوٹی بیر کے
بنائے ایک گولی صبح کو چار گہڑی دن چڑہے کہلائے اور اوپر اوسکے
پاو بہر دودہ گائے کا پلائے اور ترشی و بادی نکہائے اور پیپ
یا اسمین سرخی ہو تو یہ دوا دے **نسخہ سوزاک** کباب چینی
چہہ ماشہ و آرہ چینی قلمی چہہ ماشہ گل گلاب چہہ ماشہ سنگ جراحت
چہہ ماشہ موصلی سفید چہہ ماشہ اسگندناگوری چہہ ماشہ ان سبکو
باریک پیس کر ایک تولہ ہر روز کہائے اور گائے کا دودہ پاو بہر پیئے
اگر چہہ بہی فایدہ معلوم ہو تو اکیس دن کہائے اور پرہیز ترشی
و بادی و مرچ کا کرے اور سوزاک ہو جانے کی صورت ایک
اور بہی ہے کہ بعضے لوگ چند عرصہ تک دو مرتبہ یا تین مرتبہ
ملاقات کرتے ہین ہر دفعہ پیشاب کر کے سوتے ہین تو خواہ مخواہ
کیچ آجاتی ہین تو یہ صورت ہوتی ہے کہ خفیف سی منی انکی بہ باطنی
مین جم جاتی ہے اور اوسمین گوندتا تیز اب کیسی ہے پس
صبح تک زخم ڈال دیتی ہے اس صورت سے آنت بہی پیشاب
نہین ہوتا ہے تو لوگ کہتے ہین کہ سوزاک ہو گیا اسطرحسے
یہ عارضہ عقلمند کو ہوتا ہے اور اس سے زیادہ عقل سے

لی اور پرہیز کری اور یہ نسخہ جو پچکاری کا لکھا ہی یہ اس
واسطی ہی کہ بالفعل رایج بہت ہی لیکن ڈاکدر صاحب
کی نزدیک جایز نہین ہی اور نزدیک مؤلف کی بہی جایز نہین
ہی کس لئی کہ دو تین قباحتین لازم آتی ہین ایک تو یہ کہ
فوطون مین پانی اوتر جاتا ہی تو بادخالی ہوجاتی ہین
اور نیاضی کا منہ کشادہ ہوجاتا ہی اور یہ عارضہ بہی
نہین اچھا ہوتا لازم یہ ہی کہ دوا کہلائی یا پلائی لیکن پچکاری
ندی اور ایک جزو اسوزاک کی یہ ہی **نسخہ سوزاک**
کتہیرا ایک تولہ تخم تال مکہانا ایک تولہ ان دونو چیزونکو
پیسکر شکر خام ملاکر برابر ایک کف دست کہائی اور پاؤ
آثار دودہ کا پکا پلائی اور کوئی شخص رنڈی کی پاس
اسطرح رہی کہ بلاقات سی پہلی لنگی یا مسالہ کی ہو اچھی
سب بات سی فراغت کرچکی تو پیشاب کری نزدیک نہ سو
رہی اور جب ملاقات کرچکی تب یون ہین کری تو سوزاک
نہوگا اگر بتقدیر ہوجائی تو یہ جانی کہ اس رنڈی کو
سوزاک تہا تو پہلی اوسکی واسطی اندری جلاب دیوے
نسخہ جلاب اندری کہاتی جینی ایک تولہ

عورت حایضہ ہوی اور ملاقات کی تو یہ عارضہ ہو
جاتا ہی اگر مرد کا مزاج غالب ہی تو یہ عارضہ ہوگا
اور جو عورت کا مزاج غالب ہی تو جلد ہو جائیگا
اور اس سبب سی یہ عارضہ ہو تو یہ دوا کری **نسخہ**
سوزاک پہلی بہیدانہ تین ماشہ شب کو بہگو دی
صبح کو لعاب نکال کی گائیکا دودہ سوا سیر ملا لی
نیم پاؤ سنگ جراحت دو ماشہ سیوس اسپغول چہہ ماشہ
پہانک لی اوپر سی وہ پی لی بعد دو پہر کی یہ غذا کہا لی
دال مونگ اور روٹی اور یہ عارضہ سوزاک کا اسطور
سی بہی ہوتا ہی کہ کسی طوایف کی پاس رہی بعد لڑکا
ہونی کی تو اوسمین دو سبب ہوتی ہین ایک تو یہ
کہ وہ عورت گرم اجزا بہت سی کہاتی ہی اور دوسری
یہ کہ دائی دودہ پلاتی ہی اور وہ کسب کرتی ہی تو
بخارات جسم کا اور حرارت دودہ کی یہ گرمی اجزا کی
مرد کی واسطی ضرر رکہتی ہی اوس وقت تک کہ لڑکا
ہونی کی بعد ایک مرتبہ عورت حیض سی فرصت پا جائی
تو مرد کی کام کی ہوگی اور جو اوس کو امر نہو تو

خیارین چہہ ماشہ تخم خرفہ چہہ ماشہ بہیدانہ چہہ ماشہ تخم کاسنی چہہ ماشہ سبز چہہ ماشہ مصری چہہ ماشہ بادیان ماشہ دو دو وقت ہر روز کہلائی اور اوپر سی آدہ پاؤ دودہ گائیکا پلائی اور ...

نسخہ [illegible]

اوپر سر پوش گلی خام اونچا کر کی رکھی جبکہ کاجل حسب خواہ
ہو جائی تو صبح اور شام دو وقت انکھہ مین بطور سرمہ کی لگائی
ترشی و بادی کا پرہیز کری اور یہ عارضہ عجب طرح کا ہی کہ عورت
سی مرد کی ہو اور مرد سی عورت کی ہو جاتا ہی **باب چوتھا**

بیان متفرقات مین اور اسن باب مین

چار فصلین ہین فصل پہلی بیان وجع مفاصل
مین یہ ہی اور صورت اوس کی کئی سبب سی ہوتی ہی اور
ایک وجہ یہ ہی کہ کسی شخص کو بخار ائی اور اوسکی واسطی پانسویا
کیا جائی اور اتفاقاً ہوا لگ جائی تو پاؤن مین درد یا کچھہ
اوٹھنی بیٹھنی مین ورم آجاتا ہی تو اوسکی واسطی وہ تیل لگائی
ہین جو اکثر جانتا ہی اور بخار ہو جب ... کی مالش کری اور
عورتون کی اضطرابی سی حکیم عاجز ہوتی ہین تو وہ روغن گل
یا روغن بابونہ بتا دیتی ہین اور بخار بھی ہو اور تیل کی مالش
بھی ہو تو اکثر ورم ہو جاتا ہی ور لازم یہ ہی کہ جو کچھہ عارضہ
ہو وہ سب جاتا رہی فقط یہی باقی ہو تو اوسکی واسطی یہ تیل
کی مالش کری **نسخہ وجع مفاصل** ترکیب روغن
پہلی چالیس انڈون کو جوش کری اور اونکی زردی نکال لی

اجوائن خراسانی سورنجان تلخ گیرو نمک لاہوری چہہ چہہ
ماشہ ان سبکو پیسکر چہانکر مالش کری اور پرہیز ضرور ہی
نوع دیگر اور یہ عارضہ وجع مفاصل کا اسطرح بہی ہوتا
ہی کہ کوئی شخص سفر مین ہو اور تشنگی کی وقت وہ کیا برا
کام کرتا ہی کہ پہلی منہ اور ہاتہہ اور پانو دہوتا ہی اور
پہر پانی پیتا ہی اور اکثر اثنای راہ مین ندی اور نالہ ملتا
ہی تو پانی مین کہڑا رہتا ہی اور وہی مضر ہی جوا ہی بیان
کی اور جب کہ وہ شخص سرا وسین ہہکوتا ہی تو موسم گرما کی
سبب سی سرد پانی لیکی وہی پہر حرکت کرتا ہی اگر
کسی کی مزاج مین ناطاقتی زیادہ ہوتی ہی تو سردی کی
کی سبب سی وہ آدمی زمین بیمار ہو جاتا ہی اور ہاتہہ
پانو مین [illegible] ہو جاتی ہی اور لوگ ناقص الرای یہ
کہتی ہین نمک اور گہی کی مالش کرو اور ٹٹو پر سوار ہو کر
چلتا ہی تو تمام پانون پر ورم آجاتا ہی تو اوسکی واسطی
بہپارا ان چیزون کا ہی نسخہ بہپارا وجع مفاصل
برگ بید انجیر ایک تولہ اجوائن خراسانی تخم سنبالو تیسو کی
پہول باد رنگ ایک ایک تولہ نمک لاہوری چہہ ماشہ

ہوا کی سبب سی درد ہر ایک اعضا مین ہونی لگتا ہی او
اسی صورت سی آخر کی درجہ ہاتہہ و پاؤن پہیلنی اور سمٹنی مین
کمی کرنی لگتی ہین تو اوس کی واسطی ایک [illegible] روز
کہلائی اور اس تیل کی مالش کری نسخہ روغن برای

وجع مفاصل و ہر درد اعضا مال کنگنی

دو تولہ کا تفل ایک تولہ پکا آن زنجبیل تیرا جوز بویہ عقرقرا
اگر آتی و فلفل زرد چوب کول سمندر کہار کجلا زہر منفعہ بادام
کرنی کرنج زنجبیل سرمور کلیجن عرق دہتورہ عرق مدار
عرق پوست سہنجنا عرق گوبہ عرق تکو سنبر عرق پوست اکل (?)
عرق پہنگرا ایک ایک تولہ روغن تلخ پندرہ تولہ روغن
کنجد سیاہ پندرہ تولہ روغن رینڈی پانچ تولہ ان سب کو
ملا کی جوش کری جب کہ اجزا جلنی پر آئیں تو چہان کر رکہی اور
استعمال مین لائی بر تقدیر اس سی فایدہ نہو تو یہ تیل
لگائی نسخہ روغن **برای وجع مفاصل**

و یا درد ہہلی روغن کنجد سیاہ پاؤ بہر لیکی گرم کریں
بعدہ موم سفید بط کی چربی ایک ایک تولہ مال کنگنی دو تولہ
سنبل سفید چہہ ماشہ ان سبکو ایک جوش خفیف دی ک

کہانی کی دوا بہی ویسی ہو
اور پرہیز بہی وہی چاہئی
جڑ پیان ہوتا جاتا ہی او
کسی کی ہاتہہ پاؤن مین
یا کمر مین درد کی قسم سی ہو
تو یہ دوا کری نسخہ روغن
برای
مفاصل وجع

نسخہ روغن برای مفاصل [illegible]

پانچ ماشہ جاپھل آدھ ماشہ آب دریا ایک آثار ان سبکو
ہم کوب کرکی ملاکی بھگو دی اور جوش کری جب کہ
پکنی لگی تو روغن تلخ ایک آثار ملائی اور نرم آنچ مین
جوش ہو جب فقط تیل رہ جائی تو چھانکر رکھی اور
مالش کری اور مزاج دریافت کرکی مناسب ہو تو
کہانی کی دوا بہی دی نسخہ برای وجع مفاصل
مردہ سنگ دو ماشہ کرنج سات ماشہ روغن زرد
دو ماشہ چونہ سفید چہہ [illegible] ان کو باریک کرکی قند سیاہ
کہنہ موافق اوس کی ملاکر مین گولیان بنائی پہلی دن
ایک گولی کہلائی اور اوپر اوس کی غذا گندم بریان
کہلائی اور دوسری دن غذا [illegible] نان گندم اور
گوشت میش [illegible] اسکی اور کچہہ نکہلائی خدا چاہی
تو اچہا ہو جائیگا اگر وجع مفاصل کی عارضہ مین دوا
کہانی کی بہی ہو تو بہتر ہی یا تو ان دوائیون مین سی
کہی جائی تو بہتر ہی یا کوئی اور تجویز کرکی دی یا ان
ابزاؤن سی اچہا ہو جائی تو بعد اوس کی کوئی معجون
بنا کی کہلائی یا اس کتاب مین سی تجویز کرکی دی

نسخہ دو دو ماشہ ان سبکو آدھ پاو تیل مین جلائی اور چھانکر رکھی وقت شب کی مالش ہو اور اوپری پتی دہتوری کی گرم کرکی باندہی اور ایک ہفتہ کی بعد فایدہ [illegible] مالش [illegible] جائی

کری که کوئی نکری فصل دوسرا [illegible] بیان احوال
باہ مین اور صورت باہ کی مقدمہ مین یہ ہی کہ اول تو نسخہ پیدا
نہین اگر ہی بہی تو اوس کی اجزا نہین پیدا اور بہ تقدیر دو چار
دوایان رایج الوقت پیدا کی تو لوگ یہ کہتی ہین کہ ہمکو پہلی نمونی
کی واسطی دوا دو اگر فایدہ معلوم ہوگا تو پہر ہم امیرون سی کہین
گی اور وہ امیر بادشاہ سی کہین گی تو کمال تمہارا روشن ہو جائیگا
اور مرتبہ بہی بڑا ہوگا اور بسبب مروت کی دیا ہی تو کبہی صورت
دکہائی کہ حال اوس کا معلوم ہو کہ اچہا بنا یا بڑا بنا اور جو کہین
[illegible]لہ مین ملکی تو کہا مین آونگا اسواسطی نہین آیا کہ کچہہ فایدہ
خاطر خواہ ثبوت نہین ہوا اگر دو چار نسخہ وانکدر صاحب کی بانی
معلوم ہوئی تہی وہ اس مین لکہہ دئی ہین اور کچہہ بیان بہی ہی
اور باہ کی کم ہو جانی کی صورت کئی طرح سی ہی اور اکثر لوگونکا
حال یہ ہی کہ کوئی شخص ہاتہہ سی رنج لگا کی کہو دیتا ہی اور ہاتہہ
سی کرنی مین [illegible] فرق ہی [illegible] یہ کہ جاڑی کی دنون مین شب
[illegible] وقت یہ کام کرتی ہین تو کچہہ آسایش ہی اور اوسکی دوا
ہو سکتی ہی اور بعضی آدمی کیا کرتی ہین کہ جا ضرور مین یا کسی بیدا[illegible]
مین یہ حرکت کرتی ہین ایک کم بجتی تو ہوتی ہی دوسری بانی

[illegible]
برای باہ نسخہ سیمک
برادہ دندان فیل برادہ دندان ماہی ایک ایک
تولہ قرنفل آٹہ ماشہ جوز انجرائی
[illegible]

بستہ نان ... تخم ... سیاہ ... نسخہ

شروع کرے تمام پہلو اور تمام رانی اور قضیب کو سینکی
بعدہ پان بنگلہ گرم کرکی باندہی اور پرہیز پانی کا کری نسخہ
برای قوت باہ مغز چلغوزہ خشخاش سفید موصلی سیاہ
موصلی سفید کلیجن قرنفل کلدار ثعلب مصری جاوتری بہمن پہلی
تال مکہانہ خورفہ بیج نبد ستاور برم ڈنڈی تج مریم چار چار
تولہ کا کنج تو ماشہ یہ دوایان باریک کری پاؤ بہر گہی مین
چرب کری اور شہد آدہ سیر لیکی قوام کری اور وہ دوا
چرب کی ہوئی ملادی جبکہ بطور معجون کی ہو نو دو ماشہ
صبح کو اور دو ماشہ شام کو کہلائی اور جو اس دوا سے کچھ
تخفیف ہو تو بھی کہلائی چالیس دن تک اگر بر تقدیر یہ کچھ
فایدہ نہو تو کہانی کی دوا وہی ہو اور لگانی کی دوا
یہ بنا کی لگائی نسخہ باہ لگانی کا بیج کنیر سفید جوز
گچھ الگی افیون قاقلہ سفید بیج بیب لاسول چھہ چھہ ماشہ ان
سبکو باریک کرکی روغن کنجد سیاہ ایک تولہ ملائی اور
خوب حل کری جب کہ مثل مرہم ہو قضیب پر لگائی اور بنگلہ
پان گرم کرکی باندہی اور کچھ اوس کی سبب سے جریان
ہو تو پہلی یہ دوا دی نسخہ سفوف برای قوت باہ

تولہ ان سب کو باریک کری ایک
برابر ملا کی ایک تولہ ہر روز
کہلائی اور پاو بہر دودہ گائی
اوپر سی پلائی اور ترشی و
بادی ہرگز نکہائی بعدہ یہ
علاج کری جو اب ہی
بیان کیا

درد اگر ہو اور جو کوئی دوا کری لاوی براتہ دوان ہی کس
لئی جب کہ اوس شخص کو شہوت ہوگی تو پہر وہ لونڈیکو دیکھی
جائی گا اگر کوئی استاد اوسکی دوا کری تو پہلی توبہ کروائی
پہر دوا کری جسمین کہال جاتی رہی اور وہ دوا یہ ہے
نسخہ پیٹی لو بہت مال زہر سنکہیا جمال گوٹہ گنجد
سیاہ دروہ مدار کا ایک ایک ماشہ ان سبکو بار یک
پیسکر تہدر پانی مین لت کرکی ضماد کری اور پان بنگلہ گرم
کرکی باندہی جب کہ آبلہ پڑجائی تو گہی دہو کر لگائی اور
ہوا کو منظور نکری تو یہ دوا کری **نسخہ روغن**
قوت باہ بیر بہوٹی عقرقرحا اطین خشک مقشر ناخون
اسپ جوان کلیجن سٹ ہر ایک ایک تولہ ان سبکو جو کوب
کرکی ایک آتشی شیشی مین بہر کر تیل نکالکر ایک قطرہ
اوپر چشم کی لگائی اور بنگلہ پان گرم کرکی باندہی جب کہ
فایدہ ہو اچالیس دن تک کوئی بات نکری تو شاید
اچہا ہوجائیگا اور جو کسی شخص نی لڑکپن مین جو دو گا
مروائی ہو اور جب کہ سن تمیز کو پہنچا ہو اور دل مین خواہش
یہ آئی اور کسی دانا سی یا کسی استاد سی کہی تو پہلی توبہ

چہہ چہہ تولہ ثعلب مصری آدہ آدہ تولہ بہمن سفید بہمن سرخ تین تین
ماشہ شقاقل مصری چہہ ماشہ عنبر اشہب دار چینی قلمی تین تین ماشہ
انکو بہی کوٹ کی اوسمین ڈال دی اور سفید مصری دس تولہ شہد
خالص پانچ تولہ گلاب دس تولہ عرق کیوڑہ پانچ تولہ ان چار
چیز کا قوام کرکی اون اجزا ونکو ملا کر بطور معجون کی یا حلوی کی
طرح سی ہو تو زعفران دو ماشہ عود غرقی دو ماشہ ملا کر رکہی ہر روز
دو تولہ کہلائی اور ترشی و بادی کا پرہیز کری اور اکثر یہہ بہی ہوتا
ہی کہ کوئی شخص جوانی کی موسم میں کسی رنڈی کو بلالی اور
شہوت کثرت سی ہوتی ہی اور انجماد منی بہی زیادہ ہوتی
ہی تو بسبب اوس کی جماع کرنی مین دیر ہوتی ہی اور
اس عرصہ مین طلب کسی کو حقہ کی ہوتی اور آدمی بہی کوئی
موجود نہو تو پہر آپ اوٹہہ کر حقہ تیار کر لاتی ہین اور پہر اوس
شغل مین مشغول ہوتی ہین اور خیال یہہ نہین کرتی کہ ہم اسطور
سی اوٹہہ کر جاینگی تو ہماری جسم مین ہوا لگ جائیگی تو کیا حال
ہوگا اور جوانی کی روز مین عقل کسی کی [illegible] رہوتی ہی تو کچہہ نہین
سوجہتا اور جب کہ باہ کی کرنی لگتی ہی تو پہر یہہ ایک سی دوا
پوچہتی ہین اور اوسکی واسطی کہلانی کی یہہ دوا یہہ ہی نسخہ

بریان کری بعدہ یہہ دوا ملائی خارخشک خورد خارخشک کلان مغز پنبہ تال مکہانہ کلان مغز بادام دو دو تولہ ان سب کو کوٹ کر شکر سفید یاد پہر ایکی قوام کرکی سب چیزون

چرونجی شیر ایک ایک تولہ تلخہ گاو ٹھاک عدد ان سبکو جو کوب
کر کی شیشہ آتشی مین رکھکر کی تیل نکالی اور شب کی
وقت ایک قطرہ حشفہ پر لگائی اور پان بنگلہ گرم کر کی باندہی
اسکو ایک ہفتہ بہر لگائی اور پرہیز کری اور وہ وقت دریافت
کری کہ ہونی مین انتشار کی صورت ہی یا نہین اور جو
خفیف سی بہی ہو تو پہر اکیس ٢١ دن تک لگائی اور اس
دوا سی فایدہ نہو تو پہر کسی اوستاد کو لازم ہی کہ
پہلی وہ دوا لگائی کہ جس مین دانہ پڑجاتی ہین اور وہ
دوا یہ ہی **نسخہ ضماد برای قوت باہ** عجیب
قرنفل چنڈ بیدستر جراطین [illegible] ایک ایک تولہ بیربہوٹی
مردار سنگ چار چار ماشہ تلخہ ماہی [illegible] چار عدد بچھو
جمالگوٹہ چار چار ماشہ چرونی نرگاو تین تولہ موم
دو تولہ پارہ ایک تولہ ان سب کو حل کری جب کہ وہ
سب ادویہ شل مرہم کی ہوجاوین تو رکھ چھوڑی وقت
شب کی اوس کی موافق تیلی گرم کر کی لگائی اور
پان بنگلہ گرم کر کی باندہی اور پانی کی احتیاط
کری بعدہ دوا [illegible] **نسخہ طلا برای قوت**

کیون کہ اس مقام مین ہدی نہین ہی اور لوگ کیا سمجہہ کر یہ واہیات حرکت کرتی ہین اور ایسی باتین اپنی بہی دیکہہ کر یہ معلوم ہوا کہ جوانی مین آدمی اندہا ہوتا ہی اور اوس عرصہ مین ہر روز ایک بات نئی نکلتی ہی اور جو اسطور کا علاج کری تو یہ دوا بہی کہلائی

نسخہ غذا برای باہ

مغز بادام گیارہ دانہ لی کی تازہ پانی مین پیس کر شہد دو تولہ ملا کر پلائی ہر روز گیارہ دن یا اکیس دن

دیگر نسخہ باہ

چہری چالیس عدد لی کی صاف کر کی اوپر [illegible] پان کری اور شہد اوس کی موافق لیکر قوام پکا کر اون چہروں کو اوس مین ڈال کر رکہی صبح کو دہ بارہ دام پلائی اور سونی کی وقت ایک چڑا مع شہد کہلائی اور لگائی کی واسطی دوا یہ ہی

نسخہ روغن طلا برای قوت باہ

پوست بیخ کنیر سفید مال کنگنی دو ماشہ تخم کوانچ بیاض سفید عقرقرا اسپند سوختنی چودہ چودہ ماشہ ان سب کو جو کوٹ کر کی روغن کنجد سیاہ دس تولہ لی کی گرم کر کی اون دوایون کو ملا کر پکائی جب کہ وہ جلنی پر آئی تو چہان کر رکہی شب کو لگائی اور پان بنگلہ گرم باندہ کر سو رہی اور پان دوا یوں سی

ایک تو یہ کہ اوسکا تمام جسم برابر ٹوٹا ہی تو اوسکو ضعف دل
سو اجستہ (?) کہتی ہین دوسری حقیقت یہ ہی کہ اوسکی کچھہ جسم
ہوتا ہی اور اوس کو بادامی کہتی ہین مگر اوسکو قدرتی با
ہوتی ہی اور کسی کی اولاد بھی ہوتی ہی مگر اوسکو کوئی
مرد نہین کہتا جو جہ (?) کہتی ہین اور تیسری طرح یہ ہی کہ کسی
کی یہ عضو ہوتا ہی مگر اوسکو کچھہ حرکت نہین ہوتی تو اوس کا
نہین ہی اور کسی کی جسم کو حرکت پیشاب کی وقت ہوتی ہو
تو اوسکا علاج یون کری کہ پہلی سینکنی کی دوا کری بہت
عرصہ تک پہر اوس عضو پر یہ دوا باندہی **نسخہ سینک**
برای قوت باہ بیربہوٹی نو خراطین خشک اسگند ناگوری
زرد چوب آنبہ ہلدی نخود بریان چھہ چھہ ماشہ الغ سب کو
باریک کرکی روغن گل مین چرب کرکی دو پوٹلیان بناکر کسی
برتن مین رکھہ کر آگ پر رکھی اور تمام رانی و شہرہ (?) جوب
سینکی بعدہ یہ دوا اوس عضو پر باندہی **نسخہ دیگر برای**
قوت باہ عقرقرا بیربہوٹی سرخ دو دو ماشہ قرنفل
بنیس عدد گوشت گردن گوسفند بیس تولہ ان سبکو باریک
کرکی موافق اوس جسم کی کواب بناکر ریکا کر درمیان سی

کی تیل او سکا نکال کر رکہی ہر روز ایک قطرہ اوپر تصیب کی
ضماد کری اور پان بنگلہ گرم کر کی باندہی اور پرہیز پانی کا و
ترشی و بادی اور فایدہ معلوم ہو تو ہرگز کوئی امر کرنا نچاہئی
جب تک کہ چالیس دن نہ ہون اور کہانی کی دوا بہی اس
علاج کی ساتہہ ہوتی چلی جائی اور کہانی کی دوا یہ ہی

نسخہ برای قوت باہ عرق گہی کوار سیدہ گندم
مغز تخم کپاس روغن زرد شکر یا قند ایک ایک اثار
تین چیزون کو جدا جدا بریان کری گہی مین اور شکر کا
قوام کر کی بعدہ خارخشک ایک چہٹانک جوز بویہ ایک تولہ
الایچی سفید ایک تولہ مغز بادام مغز پستہ کہوپڑا سفید مغز
چلغوزہ مغز اخروٹ پاو پاو بہر ان کو بہی اوستمین ڈالی
وہ قوام ملا کر بطور حلوی کی پکا کر رکہی پانچ تولہ ہر روز کہلائی
یہ حال جو بیان کیا ہی کوئی اوستاد چاہی اسطور سی کری
تو بہتر ہی یا اپنی رای پر اوسکو کری تو بہتر ہی لیکن اس عاصی نی
علاج ڈاکٹر صاحب کی روبرو کیا تہا پہر کسی نی اسقدر
خرچ نہ کیا جو پہر مین دیکہا اوس وقت مین لوگ اشرفیان
خرچ کر لیتی تہی اب کوئی روپیہ نہین دیتا مفت مین دوا

...ی کیا ہو اور طاقت بہی
...کم ہو گئی ہو تو اسکی
کی دوا یہ ہی اسکی کہانی

برای قوت باہ نسخہ معجون

خولنجان سونٹھ دو دو تولہ
زعفران ... مصطگی اودی ...
چینی ... سعد کوفی
عود خالص

اسپغول مسلم برگد کی دودھ مین تر کری خاطر خواہ سایہ
مین خشک کری اور خرمی چالیس لی کی خالی کرکی وہ
ترکیا ہوا دودھ گا ہی اوسمین بہردی موافق اونکی گا یکا
دودھ یک آثار لیکر پکائی جب کہ دودھ قدری ریجائی تو
رکہہ چہوڑی ایک خرما ہر صبح کو کہلائی اور غذا دودھ
اور روٹی اور دوپہر کی بعد جو چاہی وہ کہائی اور
لگلذ یک دوا یہ ہی نسخہ طلا برای قوت باہ
عقرقرا دکہنی قرنفل گلدار بیربہوٹی جدوار خطائی اطین
خشک ایک ایک تولہ ان سب کو روغن گل یا روغن لجد
سیاہ پاؤ آثار لی کی اوس مین وہ اجزا ملاکر ایک ہانڈ
بکلی مین رکہہ کر منہ اوسکا بند کرکی چولہہ کی انگارہ نہو دکر
اوس ہانڈی کو گڑہی مین رکہہ کر پوشیدہ کردی اور
آگ آٹہہ پہر سات دن تک برابر اوس پر جلا کری بعد ہفتہ بہر
کی نکال کر ایک قطرہ اور پرچسم کی چوب ملی اور پان بنگلہ گرم
کرکی باندہی اور پرہیز کری فصل تیسری بیان آتشک
جریان مین آگاہ ہو کہ یہ عارضہ کسی کو سوزاک کی
سبب یا آتشک کی سبب سی ہوتا ہی تو اودیہ سی کم ہو

موصلی سیاہ موصلی سفید دو دو تولہ ... تری اور ... کی گوند ہو ... نشاستہ ... مین ...

پانچ پانچ تولہ ان سبکو پیسکر چہانکر شکر خام نصف وزن ملائی ہر روز ایک تولہ کھلائی اور دودھ گائیکا پلائی اور ترشی و بادی کا پرہیز کری اور سفیدی کی زیادتی سی ہو تو نئی پیلی بڑی ہی

جریان سبب سوزاک تخم کتان پاؤ آثار
تو اکھیر چار تولہ اسبغول سنگ جراحت ایک ایک تولہ
ان سب کو باریک کر کی شکر چینی برابر ملائی اور ایک کف دست
ہر روز صبح کو کھلائی اور پیچھی پاؤ بھر دودھ گائیکا پلائی
اور پرہیز کری اور سوزاک کی سبب سی جو یہ عارضہ ہو
جاتا ہی تو بند کشادہ بھی ہوجاتا ہی تو اوس کی لئی مرہم یہ
ہی **نسخہ مرہم بند کشاد** روغن زرد گاو ... تولہ
سپیدہ سفید اکاشتری سنگ جراحت ایک ایک ماشہ رانج سفید
ایک خام رتی ان سبکو پیس کر گھی مین ملاکر خوب دہوئی
اور بتی موافق اوسکی بنائی اور لت کر کی مرہم سی نیاصہ
مین رکھی اور سوزاک کی جہت سی یہ عارضہ ہوجاتا ہی
تو اوس کی دریافت کرنی کا نشان یہ ہی کہ اوسوقت
مین پیپ نکلتی ہی اور اوس کی جریان مین نئی تپلی ہوکر
جاری رہتی ہی اور یہ جریان تین طرح پر ہوتا ہی ایک
رطوبت کی زیادتی ہو تو نئی پانی سی ہوتی ہی اوسکی
واسطی دوا یہ ہی **نسخہ جریان سبب سوزاک**
دوا یہ ہی برگد کی پاؤ آثار لیکی اوسی درخت کی دودھ مین

ملا کر ہر صبح کو ایک تولہ کھلائی دوا کی ساتھ اور جو صفرا
سے ہو یا ملا ہوا ہو اور خون کی زیادتی بھی ہو تو فصد
باسلیق لی بعدہ اندری جلاب دی بعد اسکی یہ دوا
دے **نسخہ جریان سبب سوزاک** آرد
ماش مقشر نیم آثار سپیدہ خستہ ہندی نیم آثار سنگ جراحت
تین تولہ ان سبکو کوٹ کر چھانکر بھی شکر تین پاو ملا کر صبح کو
پہلے کھلائی اور دودہ گایکا پاؤ بھر اوپر سے پلائی ترشی
نکھائی اور اس دواسی فایدہ خاطر خواہ ہو تو پھر یہ دوا دے
نسخہ جریان سبب سوزاک آرد نخود خستہ پاؤ آثار
کواب چینی ایک تولہ مغز تنبال چھ ماشہ زیرہ سفید چھ ماشہ ان
سبکو پیس کر شکر خام تین تولہ ملائی ہر روز چار تولہ صبح کو کھلا
اور دودہ گایکا پاؤ بھر پلائی اور پرہیز کری **نوع دیگر**
بیان جریان سبب آتشک اور جو یہ عارضہ
جریان کا آتشک کی سبب سی ہو تو دریافت کرنی کی
علامت یہ ہی اول تو نیا صہ کی منہ پر زخم خفیف سا ہوتا ہی
اور رنگ تیلی ہو کر بابل نسبتہ جی نکلتی ہی کیونکہ ایک تو
گرمی مزاج کی اور دوسری گرمی آتشک کی اور

اور وہ پرہیز دودہ سی کہلاتی تو تولہ ہر روز ہمراہ دودہ کی ۱۹۱۲

نایل نکلتی ہی تو اسکی واسطی وہ دوا ہو جو آتشک کو بہی فایدہ کرتی ہی اور جریان کی بہی وہ دوا یہ ہی **نسخہ جریان** بسبب آتشک عقرقرا انجرا تی تخم بل بل خار خشک کلان وخورد گل نوفل موصلی سفید موصلی سیاہ موصلی سنبل اندر جو شیرین ست گلو سپستان تخم کوانچ تخم اٹگن تال مکہانہ خورد کباب چینی سورنجان شیرین ایک ایک تولہ تج قلمی ست بہروزہ لودہ پٹہانی نونو ماشہ ان سب کو پیس کر نصف وزن شکر خام ملاکر ایک تولہ ہر روز ہمراہ دودہ کی کہلائی اور پرہیز بخوبی کری خدا چاہی تو اچہا ہو جائی انشاء اللہ الرحمان اور اسی عارضہ مین ہو جانی کی صورت اس طرح بہی ہوتی ہی کہ اکثر لوگون کی غذا مخالف مین کج تیزشی کثرت سی ہوتی ہی اور مرغوب طبع گرم کہانی کی طرف ہت ہی اس جہت سی بہی جریان کی شدت ہو جاتی ہی تو اوس کی لئی دوا یہ ہی **نسخہ جریان** موصلی سیاہ موصلی سفید گلو نجی سیاہ پانچ پانچ تولہ ان کو پیس کر شکر خام برابر ملائی ہر روز ایک تولہ دودہ کی ہمراہ کہلائی اور جو اس دوا سی فایدہ نہو تو یہ دوا دی **نسخہ جریان**

کہاتی کرتی جریان

فصل ۶۹ تہی

بیان فتق

اول تو فوطون مین عارضہ تین طور پر ہوتا ہی پہلی اس بیان مین صورت ہوتی ہی کہ کسی وجہ سی چوٹ لگ جاتی ہی تو اندر سی بیضہ بڑہ جاتا ہی

جسوقت لگانا منظور رہو اوسوقت سوئیکی ساگ پکاکر بہپارا دی
بعدہ وہ لیپ لگائی اور پہروہی ساگ باندہی اس دواکو دو
وقت لگائی پانی سی پرہیز کری اور فوطون مین عارضہ یون
بہی ہوتا ہی کہ پہلی کسی کی مزاج مین برودت یا رطوبت
کی کثرت ہو توان دو خلطون کی سبب سی ریح کا خلل ہر ایک
اعضا مین پیٹ کی پیدا ہوتا ہی اسی صورت سی تمام شکم کی
ریح فوطون کی طرف رجوع ہوتی ہی تو وہ
حال ہوتا ہی جو پہلی بیان کیا ہی کہ اندر سی بیضہ بڑہ جاتا
ہی تو لوگ بیکار سی اوس کا علاج پوچہتی ہین
کسی حکیم سی نہین بیان کرتی کہ وہ فصد یا جلاب تجویز کری
نمادیا بہپارا بتائی اور ناواقف کی دوا یہ ہی کہ تماکو کا پتا
یا ٹیسو کی پہول بتاتی ہین اوسی اور ترقی ہوتی ہی بشرکو
لازم یہ ہی کہ ایسا علاج ہو تو حکیم سی کہی کہ موافق مزاج کی
کری یا کسی جراح سی کہی اور وہ بہی آزمودہ کار ہو وہ بہی
علاج یون کری کہ جلاب و فصد تجویز کری اور لیپ بہپارا
بتائی تو بہی **نسخہ لیپ براۓ قطع** ناخونہ بادیان
سبز منقہ بیضہ بچہوا چار عدد مکو خشک سرگین موش ایک ایک

نہین آتا کہ اس سی کیا عارضہ پیدا ہوتا ہی اور یہ حرکت بغیر
ہی اور اس حرکت کی سوا ایک امر اور بھی ہی کہ کسی کی
مزاج مین رطوبت کی زیادتی ہو اور بخار کی شدت مین
بعضی آدمی پانی روکی ہوئی پیتی ہین اور کوئی شخص کثرت
سی پیتا ہی تو دو یا تین عارضہ ہوتی ہین ایک تو یہ کہ تلی بڑھ
جاتی ہی اور دوسری یہ کہ فوطون مین پانی اوتر آتا ہی
اور ایسی حرکتون سی باد خایہ قسم آبی کی ہو جاتی ہین
اور علاج اس عارضہ کا حکیمونکی کتابون مین اکثر لکھا
ہوتا ہی اور ڈاکٹر صاحب سی یون سنا ہی کہ اس کا
علاج کریں تو یون کریں کہ پہلی نشتر دیکی سب پانی نکال کر
اوس زخم مین کوئی چیز ایسی لگائی کہ وہ زخم جاری رہی
سات آٹھ دن کی بعد مرہم اچھا ہونی کا لگائی اور یہ دوا
کھلائی کیونکہ اندر سی پانی کی آمد رفت موقوف ہو تو زخم کا
خشک ہونا اچھا ہوتا ہی اور پھر خلل نہ ہوگا وہ دوا یہ ہی

نسخہ قطع آبی کندر گوند طباشیر کبود زہر مہرہ خطائی
زعفران ریٹھہ اصل سوس ایک ایک تولہ تخم کتان تخم خطمی ز
چھہ چھہ ماشہ ان سب کو باریک کرکی چار ماشہ ہر روز

ہی وہ اوسکی واسطی پچکاری لیتا ہی تو ناواقفی سی اوسکی فوطون مین پانی اوتر جاتا ہی تو وہ پانی مثل تیزاب کی جسم کو کاٹتا ہی

اول ایک گٹھلی سی پیر و پر ہوتی ہی بعد کچھہ دنون کی جب
آدمی چلتا پھرتا ہی تو وہ آنت موطون مین رہتی ہی جب کہ
وہ لیٹتا ہی تو آنت پیٹ مین چلی جاتی ہی اور اوسکی اوٹھنی
بیٹھنی یا لیٹنی مین آواز آتی اور دوا اوسکی یہ ہی کہ ایک
لنگوٹ یا کرہ انگریزی باندہی تو وہ بہت مفید ہی یا خیال
خام سمجھہ کر وہ علاج کری جو پانی کی عارضہ مین بیان
کیا ہی شاید خداوند کریم اوس دوا سی اچھا کر دی اور
جو یہ عارضہ فیل پا کا ہوتا ہی تو اوس کا علاج نہ کیا نہ
دیکھا ... صورت سی گھنگا ہوتا ہی اوس کا علاج
بھی نہین دیکھا اور نہ کیا بیان فصد تاریخ و روز
و موسم و سال و ہر فصل آگاہ ہو کہ حال فصد
کا اور آنکھہ بنانی کا اور ہڈی جوڑنی کا اور زخم تلوار کا
وہ کہ جسمین چار اونگل کا غار ہو وہ صبح کا زخم شام تک اچھا
ہو جائی شام کا زخم صبح تک اچھا ہوا اور گولی کا زخم چاہی
چیرا نجائی اور گولی نکل آئی خواہ کتنی دور ہو اس مین
... نہین لکھا اس کا سبب یہ ہی کہ یہ کام نی دیکھی اور
نی کبھی نہین آتی اور ناقص الرای ہڈی کو کاٹ ڈالتی ہین

تاریخ کو ضعف ہوتا ہی اور نوین تاریخ کو خارشت پیدا ہوتی
ہی اور دسوین تاریخ کو قوت ہوتی ہی اور گیارہوین تاریخ
کو غشہ جاتا رہتا ہی اور بارہوین تاریخ کو تشنج ہی اور
تیرہوین تاریخ کو درد بدن ہوتا ہی اور چودہوین کو نیند
جاتی رہتی ہی اور پندرہوین تاریخ کو بخار نہین ہوتا اور
سولہوین تاریخ کو بال سفید نہین ہوتی اور سترہوین
تاریخ کو دل پر رنج نہین ہوتا اور اٹھارہوین تاریخ کو
قوت دل نہین ہوتی اور انیسوین تاریخ کو قوت دماغ
بہت ہوتی ہی اور ~~بیسوین تاریخ کو ہر [illegible]~~ ہوتا ہی
اور اکیسوین تاریخ کو ہمیں خوش رہتا ہی اور بائیسوین
تاریخ کو درد کلو و درد دندان دفع ہوتا ہی اور تئیسوین
تاریخ کو ناتوان و حقیر زیادہ ہوتا ہی اور چوبیسوین
تاریخ مین غمگین نہین ہوتا ہی اور پچیسوین تاریخ کو
خفقان جاتا رہتا ہی اور چھبیسوین تاریخ کو درد گردہ
و درد پہلو دفع ہوتا ہی اور ستائیسوین تاریخ مین
بواسیر جاتی رہتی ہی اور اٹھائیسوین تاریخ کو ہر ایک
درد زیادہ ہوتا ہی اور انتیسوین تاریخ کو ہر ایک

نہین رہتا ہی کو پریشان تیسوین تاریخ کو ہوتا ہی اور فایدہ بہت ایک [illegible] عارضہ کو دور

رباعی

ہفتہ بہر کا بیان

ہر سال کہلواتی ہین یا مسہل لیتی ہین تو اوس بات کی عادی
ہو جاتی ہین اور یہ عادت اچھی نہین ہی اور نکہلوانا فصد کا
اچھا ہوتا ہی کیونکہ سال کی موسم تین ہوتی ہین اور خون بہی
تین طرح پر ہوتا ہی جسم کی اندر اور یہ طرح یہ ہی کہ جاڑی
کی دنون مین کسی عارضہ کی واسطی حکیم فصد تجویز کری تو دوپہر
کی وقت کہلوائی کس لئی جاڑی کی موسم مین اول وقت خون
گردشہی مین ہوتا ہی یعنی ٹہہر جاتا ہی اور بعضی لوگ یہ کہتی ہین
کہ خون جم جاتا ہی اور بشر کی جسم مین خون جم جائی تو زندگی
نہ ہی بلکہ اندر گرمی ہوتی ہی اور خون کی نکلنی مین یہ تمیز نہین
ہوتی کہ یہ خون اچھا ہی یا برا ہی اور اوس عرصہ مین کہلوانی
سی آدمی لاغر ہو جاتا ہی اس واسطی بری کی ساتہہ اچھا
بہی نکلتا ہی اور گرمی کی موسم مین خون جدا جدا ہوتا ہی اور
اس موسم مین لازم ہی کہ اخیر وقت فصد کہلوائی اور جو اول
وقت کہلتی ہی تو عیب یہ ہی کہ خون کم ہو جاتا ہی اور دن
بہر کی گرمی سی زیادہ خشکی ہوتی ہی اخیر وقت بہتر ہی اور
بعضی آدمی عادی ہوتی ہین اور نہین کہلواتی تو ایک نہ ایک
مرض پیدا ہوتا ہی اور موسم برسات مین خون موافق سی

واللہ اعلم بالصواب

خاتمہ کتاب بیان

کہ اس فقیر حقیر نی

اور ہر وقت صورت پہوڑی کی دوسری صورت پر نظر آتی
ہی اور یہ جو نسخہ اس کتاب مین ہر مرض کی موافق لکہی ہین
انہین لازم ہی صاحب علاج کو اوس کی مزاج کی موافق
مرہم لگائی اور شفا دینی والا حکیم مطلق ہی کس لئی کہ اکثر
دیکہا اور سنا کہ یہ دوا مزاج کی موافق نہین ہی اور
اوسنی فایدہ بخشا بس لازم یہ ہی کہ علاج مین اوسی
شریک کرلینی قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا
إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ اور مریض سی کہی کہ جب تک حق تعالی صحت
نہ بخشی گا کچہہ نہ ہوگا کس لئی کہ اس مین کچہہ اجارہ نہین ہی
کیونکہ كُلُّ أَمْرٍ مَرْهُونٌ بِأَوْقَاتِهَا اور دراصل یہ
ہی کہ ذلی اوس کی عنایت کچہہ نہین ہوتا کہ لَا تَتَحَرَّكُ
ذَرَّةٌ إِلَّا بِإِذْنِ اللهِ اور آگاہ ہو کہ یہ کچہہ موقوف نہین ہی
کہ حق تعالی میری ہاتہہ سی صحت بخشی یہ اختیار اوسی ہی
کس لئی وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ
الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اور یہ عاصی پر معاصی
امیدوار اس فن کی طالبون سی یہ ہون کہ جس وقت
ان اوراقون سی فایدہ اوٹہائین تو اس عاجز کو بہ

ہی کہ ایک شخص جناب امام ذوی الاحترام
صادق علیہ السلام کی خدمت مین
آیا اور عرض کی کہ جعلت فداک ابن رسول اللہ
آپ نی زبان معجز بیان سی ارشاد فرمایا تہا کہ جس امر کو
بسم اللہ الرحمن الرحیم سی شروع کری تو حق تعالی
برکت عطا فرماتا ہی اور کوئی چیز خلل نہین کرتی یا حضرت
علیہ السلام اس شکوہ نی کہانا کہایا بسم اللہ کہ کی اور
خلل کیا حضرت علیہ السلام نی فرمایا کہ ہر چیز پر تو نی بسم اللہ
نہین کہی پس جس چیز پر تو نی بسم اللہ نہین کہا اوس چیز نی
خلل کیا اوس نی عرض کیا یا حضرت آپ سچ فرماتی ہین اور
دوسری دلیل یہہ ہی کہ قران شریف کی ہر سورہ [illegible] ہی
بسم اللہ ہی اور ہر سورہ پر بسم اللہ ہی بس معلوم ہوا کہ
بسم اللہ کہنا ہر فعل کی شروع مین لازم ہی اور حکم
پروردگار عالم کا بہی رجوع کرنا طرف طبیب کی ہی چنانچہ
نقل کی گئی ہی کہ حضرت موسی علیہ السلام کی ہاتہہ مین پہوڑا
نکلا اوس وقت مین اونہوں نی درگاہ باری تعالی مین عرض
کیا کہ ای عالم السر والخفی اب کیا حکم ہوتا ہی حکم پہنچا کہ ای

فقیر نی جو یہ اجزا جمع کئی ہین تو ان مین سی آسان عبارت اور
سہل ترکیب علاج کی دیکہکر واسطی تعلیم مبتدی کی اگر ان اجزا کو
دقیق کرکی لکہتا تو فہم مبتدی او سکو نہ بوجہہ سکتا اور اگر سب حال
جراحی کو اسمین مندرج کرتا تو طول بہت ہوجاتا اور قدر فن جراحی کی
جاتی رہتی اور مجہی منظور تہا کہ مختصر واسطی مبتدی کی ہو اسواسطی
قدری احوال اس فن کا لکہا ہی قطعہ از روی سب سی مجکو طعن سی
رکہین معاف مینی لکہا ہی یہ سب احوال از روی کتاب جو کتابون مین
پڑہا ہی یا سنا او ستادو سی جانتا ہون کچہہ نہین واللہ اعلم بالصواب
اور یہ کتاب شہر دیچہ مین تمام ہوئی اور تاریخ دسوین روز
اور سن بارہ سی او نسٹہہ ہجری مطابق سن بارہ سی اکاون فصلی
اور سن اٹہارہ سی چوالیس عیسوی اور سنبت او نیس سی ہندی کی
تہی تمام ہوئی اور دو تین شاعر مجہہ فقیر پر نہایت مہربانی اور
شفقت فرماتی تہی او نہونی اس کتاب کی تاریخین کہین اور مجہہ
گنہگار کو عنایت فرمائین وہ بہی اسمین لکہہ دی ہین فقط تاریخ
تصنیف طرز جدید اخا ہو بر صفحہ دل یہ لکہہ لی کتاب ایسی لکہتی
ہی فضل علی نی بہر ایک نسخہ مرہم کاہی لا جواب شفقت بڑی کی
ہی فضل علی نی شکو ڈالی ایسی چیزون کو یون لکہہ دیگا یہ سبب

ذی الکرم و ذی الکرم و ذو الاخلاق
کہ بافضال علی فضل علی وارد نام
از او لاد علی سید پاکیزہ گہر
ذی فضل علی بدوام ساخت تالیف کتاب
مجرد فن جراح بہر کہ مفید است بامراض
شہور وادرام یامن بہر تبیین
بہر شد تاریخش در زمانی کہ زما
گردید بر تمام

وہ لکہتی ہین تصنیف حضرت
ہی فضل علی
تصنیف لکہی
ہی فضل علی

تصنیف تاریخ فضل علی نی جراحی کی ای جراحی کی تاریخ